© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**صلاۃ الرسولؐ** تالیف: حکیم نور احمد یزدانی۔ ناشر: اسلامی دار الاشاعت، گڑھی غوث، حافظ آباد۔ صفحات ۲۲۶۔ آرٹ کور۔ قیمت ۱۵/- روپے۔

یہ کتاب اس سوال کا جواب ہے کہ حضورؐ نماز کیسے ادا فرماتے تھے۔ البتہ یہ ایک اور صلوٰۃ الرسول کے جواب میں حنفی نقطۂ نظر کو واضح کرنے کے لیے لکھی گئی ہے۔ بجائے خود اس میں کچھ حرج نہیں کہ اہل حدیث حضرات یا حنفی المسلک علماء اپنے اپنے فہم سنّت کے مطابق مسائل کو واضح کریں۔ مگر فقہی اختلافات میں بہت زیادہ مجادلہ و مناقشہ کی ضرورت نہیں، اور نہ ایک دوسرے پر غالب آنے اور ایک دوسرے کی تردید کی کوشش کرنی چاہیے۔ فقہ شافعی ہو یا حنبلی یا مالکی یا حنفی، ہم سب کو برحق مانتے ہیں۔ ہر کوئی اپنے اپنے مسلک کو واضح کرنے کا حق رکھتا ہے۔ بلکہ بہترین صورت یہ ہوگی کہ سنّت کے فہم میں اختلاف کی وجہ سے جو مختلف فقہی مسلک بنے ہیں ان سب کو یکجا بیان کر دیا جائے اور کسی کی تغلیط و تردید کے پیچھے نہ پڑا جائے۔ کیونکہ جو اختلاف اُصولِ تفقہ سے شروع ہوتا ہے وہ فروع کی بحثوں سے حل نہیں ہو سکتا۔

حضورؐ کی مسنون تعبدی اعمال کی بنیادی صورتیں سب میں متفق علیہ ہیں۔ ان کو زیادہ نمایاں کرنا چاہیے۔ پھر وہ ہیں جن میں فہم اور تعبیر کا اختلاف ہے۔ مثلاً ابوبکرہ کی روایت (سنن الکبریٰ) کے آخر میں کلمہ "لاتعد" (زیر تبصرہ کتاب کا ص ۶۲) یا وائل بن حجر کی روایت کے الفاظ فقال اٰمین مَدَّ بِھا صوتہٗ (کتاب کا ص ۸۸)

"تاہم یہ امر باعث مسرت ہے کہ کتاب کی بحثیں علمی نوعیت کی ہیں اور بہت کم کہیں رنگِ تعارض کی جھلک ہے۔ عام طور پر شائستہ انداز میں کلام کیا گیا ہے۔ اس قسم کی کتابیں پڑھنے سے وسطِ جے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے پڑھنے والوں کو اندازہ ہو سکتا ہے کہ حضرت امام ابو حنیفہؒ نے جو اصول وضع کیے، وہ اپنی جگہ محکم ہیں اور پھر حنفی مسلک کے تفقہ علماء نے آگے جو کام کیا وہ یونہی بے بنیاد نہیں ہے۔ یہی طرزِ فکر ہمارا دوسرے ائمہ کی بصیرت اور ان کے متوسلین کی خدمات کے متعلق بھی ہے۔ فقہ کا پورا دفتر ہماری میراث ہے اور ہم جملہ اطراف سے طرح طرح سے استفادہ کر کے سنّتِ رسول کے قریب تر پہنچ سکتے ہیں۔

---

**مکالماتِ نبویؐ** تالیف: مولانا ابو یحییٰ امام خان نوشہروی (مرحوم)۔ ناشر: مکتبہ نذیریہ لاہور
صفحات: ۳۱۶ پیپر بیک کور۔ قیمت: ۱۸/- روپے

رسولِ برحق صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کو ہمارے لیے نمونہ قرار دیا گیا ہے اور آپ کے اقوال و افعال سنّت کی تعریف میں داخل ہیں۔ حضورؐ کی زندگی کے ایک اہم پہلو کو واضح کرنے کے لیے یہ ایک اچھوتا موضوع ہے۔ رسولِ خدا کو دعوت دینے کے مرحلے سے لے کر اسلامی ریاست کو چلانے کے مرحلے تک صدہا بار لوگوں سے مذاکرات و مکالمات کی ضرورت پیش آئی۔ کبھی معترضین و مخالفین کے جواب دیئے اور کبھی محبّوں اور متبعین سے تبادلۂ خیال فرمایا۔ زیادہ تر صورتوں میں سوال و جواب کا پیرایہ ہے۔ انسانی کلام کی مختلف قسموں میں سے ایک مکالمہ ہے جو دو فریقوں میں ہوتا ہے اور حقیقتوں کی وضاحت کے لیے بہت اچھا پیرایہ ہے۔

جناب امام خان نوشہروی نے حضورؐ کی زندگی، سنّت اور سوانح کے ریکارڈ سے پچاس ایسے مکالمے برآمد کر کے مرتب کر دیے ہیں جن سے دین کی بہت سی حقیقتیں سمجھ میں آتی ہیں، نیز ان مکالموں کے بیان میں سیرتِ پاک کے بہت سے اوراق کی جھلک بھی ہے۔

---

**سفرِ شوق** از جناب فرید احمد پراچہ۔ ناشر: البدر پبلیکیشنز۔ ۲۳۔ راحت مارکیٹ۔ اردو بازار لاہور۔ قیمت مجلد مع رنگین گرد پوش ۱۵/- روپے

یہ سفر نامۂ حج ہے۔ بہت سے لوگ ایمانی جذبات کے وفور کے زیرِ اثر سفر نامہ ہائے حج لکھتے ہیں

© rasailojaraid.com